تبصرے

اسلام اور مسیحیت از مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری کتابت طباعت متوسط ضخامت ۲۲۰ صفحات قیمت عہ/ پتہ :- دفتر اہلحدیث امرتسر

مولانا ثناء اللہ صاحب ہندوستان کے نامور عالم اور مشہور مناظر اسلام ہیں آپ نے یہ کتاب پادری برکت اللہ کی تین کتابوں کے جواب میں لکھی ہے اور اپنے مخصوص انداز میں بدلائل ثابت کیا ہے کہ عالمگیر مذہب بننے کی صلاحیت صرف اسلام میں ہے عیسائیت میں نہیں۔ نیز یہ کہ دین فطرت اسلام ہی ہوسکتا ہے۔ اثنا بحث میں پادری صاحب نے قرآن مجید اور اسلامی عبادات۔ معاملات اور نکاح وطلاق وغیرہ پر جو اعتراضات کئے تھے۔ مولانا نے ان کے بھی جوابات نہایت کافی وشافی طور پر دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے کہ آپ نے یہ کتاب لکھکر اسلام کی ایک گراں قدر خدمت انجام دی ہے۔ زبان کی لطافت اور انداز بیان کی حلاوت ودلچسپی کیلئے مولانا کا نام کافی ضمانت ہے۔

حقیقتِ سجاد از عروج صاحب قادری تقطیع خورد ضخامت ۸۴ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت ۵/ پتہ :- ادبستان مرادپور، بانکی پور، پٹنہ۔

مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد بہاریؒ کی یادگار میں ایک کتاب "محاسنِ سجادؒ" کے نام سے شائع ہوئی تھی جس میں ایک مضمون راغب احسن صاحب کا بھی تھا۔ اس مقالہ میں راغب صاحب نے اذکروا موتاکم بمحاسنھم پر عمل اس طرح کیا تھا کہ مولانا مرحوم پر بیجا اعتراضات اور دلخراش طعن وتشنیع کی بھرمار کردی تھی۔ زیر تبصرہ رسالہ اسی مضمون کا تشفی بخش جواب ہے۔ جنھوں نے محاسن سجاد کا مطالعہ کیا ہے انھیں یہ رسالہ بھی پڑھنا چاہیے۔ اس کا دیباچہ مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی نے لکھا ہے۔